سوال

(196) حرفت پشہ لوگ سال بھر میں ہزاروں روپے پیدا کرتے ہیں، اس میں زکوۃ ہے یا نہیں۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دنیا میں حرفت پشہ لوگ مثلاً درزی وغیرہ سال بھر میں ہزاروں روپے پیدا کرتے ہیں، اس میں زکوۃ ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خرچ کرنے کے بعد جتنا روپیہ بچ رہے، اور سال اس پر گزر جائے تو زکوۃ واجب ہوگی، اگر آمد و خرچ برابر ہے، یعنی جتنی آمدنی ہوئی، اتنا ہی خرچ ہوگیا، تو پھر زکوۃ کس چیز پر، اللہ اعلم (اہل حدیث ۱۸ مئی ۴۵ء) (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۴۷۲)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 304